نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس</u>

<u>وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق اہم منصوبوں اور فلڈ ریلیف سرگرمیوں کا جائزہ لیا</u>

لاہور 11 ستمبر 2025: وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد ہوا۔اجلاس میں صوبائی وزیرزراعت نے وزیراعلیٰ پنجاب کے زرعی اقدامات سے متعلق اہم منصوبوں اور سیلاب کی ریلیف سرگرمیوں بارے تفصیلی جائزہ لیا۔اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر شہزاد کنگ، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید، رانا تجمل، انجنیئر ساجد نصیر و دیگر افسران نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ فیز II کے تحت ساڑھے 7 لاکھ کسان کارڈ جاری کیے گئے ہیں اور کسان کارڈز کے ذریعے 96 ارب روپے کا بلاسود قرض فراہم کیا جارہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ 75 سے 125 ہارس پاور کے لوکل و درآمد شدہ ٹریکٹرز کی جلد ڈیجیٹل قرعہ اندازی عمل میں لائی جائے گی جبکہ 4 ماڈل ایگری مالز اکتوبر میں آپریشنل ہوجائیں گے۔

سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے تحت مزید 2 ہزار نوجوانوں کی بھرتی کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب کے سولرائزیشن آف زرعی ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت اب تک 6602 سولر سسٹم نصب ہو چکے ہیں جبکہ ہائی ٹیک بینک فنانسنگ پروگرام کے تحت درخواستیں جلد طلب کی جارہی ہیں۔خطہ پوٹھوہار میں زراعت کی ترقی کے لیے ٹرانسفارمیشن پلان پر بھی عمل درآمد جاری ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اجلاس میں بتایا کہ فلڈ ریلیف سرگرمیوں کے لیے محکمہ زراعت پنجاب کے 1200 ملازمین بشمول انٹرنیز ڈیوٹی پر معمور ہیں۔انہوں نے کہا کہ متاثرین سیلاب کے مویشیوں کے لیے روزانہ کی بنیاد پر سبز چارے کی 80 ٹرالیاں اور 140 ریڑھوں کی فراہمی جاری ہے، اس کے ساتھ ہی روزانہ 750 من توڑی اور 260 گانٹھ سائیلج بھی فراہم کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆